# 37930 ـ رمضان المبارک شروع ہونے کی مبارکباد دینا

## سوال

رمضان المبارک شروع ہوتے وقت ان الفاظ میں مبارکباد دینے کا حکم کیا ہے ( تم ہرسال خیر سے بسرکرو ) ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

رمضان المبارک کی مبارکباد کے کوئي لفظ معین نہیں ، اس لیے کسی بھی مسلمان کے لائق نہیں کہ وہ اس میں زیادتی کرے ، اس لیے اسے مبارکباد کے لیے وہ الفاظ ہی استعمال کرنے چاہییں جولوگوں میں معروف ہیں اوران کی عادت ہے یعنی تم ہربرس خیریت سےرہو ، اللہ تعالی قبول فرمائے ۔

یا اس طرح کے دوسرے الفاظ جس میں کوئی شرعی ممانعت نہ پائي جاتی ہو ۔

واللہ اعلم .